زہریلی خودرو کھمبیاں

- خطرناک خودرو کھمبیاں بالعموم خزاں کی اولّین بھرپور بارشوں کے بعد ظاہر ہوتی ہیں۔
- یہ کھمبیاں بہت سی جگہوں پر ملتی ہیں جیسے بش لینڈ، جنگل، پبلک پارک، کھیل کے میدان، سکولوں کے گراؤنڈ، فارم کی چراگاہوں اور آپ کے گھر کے قریب بھی یعنی آپ کے اپنے باغیچے میں گھاس، کمپوسٹ، ملچ یا پرالی میں۔
- گھر سے باہر موجودگی کے دوران اپنے بچوں اور پالتو جانوروں پر بھرپور نظر رکھیں کیونکہ کھمبیاں ان کی پہنچ میں ہوتی ہیں اور انہیں یہ کھانے کا شوق پیدا ہو سکتا ہے۔
- جو لوگ دوسرے ملکوں میں رہنے کے بعد یہاں آئے ہیں، انہیں علم ہونا چاہیے کہ آسٹریلیا میں زہریلی کھمبیاں دوسرے ملکوں میں کھائی جانے والی کھمبیوں جیسی دکھائی دے سکتی ہیں۔
- ڈیتھ کیپ مشروم نامی کھمبیاں سب سے خطرناک ہیں اور یہ جگر کو جان لیوا نقصان پہنچا سکتی ہیں۔ انہیں پکانے یا چھیلنے سے زہر ختم نہیں ہوتا۔ ڈیتھ کیپ کھمبیاں بلوط (oak)، ہیزل اور چیسٹ نٹ درختوں کے قریب اگتی ہیں لیکن مہلک کھمبیاں کسی بھی جگہ اگ سکتی ہیں۔ کھانے کے لیے صرف وہ کھمبیاں محفوظ ہیں جنہیں آپ قابل بھروسا سبزی کی دکان یا سپرمارکیٹ سے خریدیں۔

- اگر کوئی شخص غلطی سے کوئی خودرو کھمبی کھا لے تو علامات شروع ہونے کا انتظار نہ کریں بلکہ **13 11 26** پر **Poisons Information Centre** کو فون کریں اور ان کی ہدایات پر عمل کریں

خودرو کھمبی کھانے کے بعد بیمار ہونے والے ہر شخص کو فوری طبی مدد حاصل کرنی چاہیے۔

ہنگامی صورتحال میں ہمیشہ ٹریپل زیرو (000) پر کال کریں۔

خودرو کھمبیوں کے زہریلے اثر کی علامات میں یہ شامل ہیں:

- **پیٹ میں شدید بل پڑنا**
- **پیٹ میں درد**
- **الٹی**
- **متلی**
- **دست**

علامات بالعموم کھمبی کھانے کے 3 سے 6 گھنٹے بعد ظاہر ہوتی ہیں اور 3 دن تک جاری رہ سکتی ہیں۔

خطرناک ترین کھمبیوں کی علامات دیر سے ظاہر ہو سکتی ہیں اور یہ کھمبی کھانے کے 24 گھنٹے بعد تک شروع ہو سکتی ہیں۔

www.sahealth.sa.gov.au/mushroompoisoning



Government of South Australia
SA Health

FIS: 22058